# 2024-25 کا تعلیمی سال
# اسکول میں داخلے/حاضری کے لیے ریاست نیو یارک کے حفاظتی ٹیکوں سے متعلق تقاضے[1]

**نوٹس:**
NYS میں اسکول میں حاضری کے لیے تمام بچوں کو عمر کے مطابق حفاظتی ٹیکے لگے ہونا لازمی ہے۔ خوراکوں کی تعداد کا انحصار ایڈوائزری کمیٹی آن امیونائزیشن پریکٹسز (Advisory Committee on Immunization Practices, ACIP) کی جانب سے تجویز کردہ شیڈول پر ہوتا ہے۔ ویکسین کی خوراکوں کے درمیان وقفہ لازماً "ACIP کے تجویز کردہ چائلڈ اینڈ ایڈولیسنٹ امیونائزیشن شیڈول" کے مطابق ہونا چاہیئے۔ کم از کم عمر یا وقفوں سے پہلے موصول ہونے والی خوراکیں درست/کارآمد نہیں ہیں اور ذیل میں درج خوراکوں کی تعداد میں شمار نہیں ہوتی ہیں۔ ہر ویکسین کی مخصوص معلومات کے لیے زیریں حاشیہ ملاحظہ کریں۔ وہ بچے جو بنا گریڈ کی کلاسز میں داخلہ لے رہے ہیں، انہیں لازماً ان گریڈز کے حفاظتی تقاضوں کو پورا کرنا چاہیئے جن کے لیے وہ بلحاظ عمر برابر ہوں۔

## خوراک کے تقاضوں کو لازماً اس شیڈول کے زیریں حاشیہ کے ساتھ پڑھا جانا چاہیئے

| ویکسینز | پری کنڈرگارٹن (ڈے کیئر، ہیڈ اسٹارٹ، نرسری یا پری کے) | کنڈرگارٹن اور گریڈز 1، 2، 3، 4 اور 5 | گریڈز 6، 7، 8، 9، 10، اور 11 | گریڈ 12 |
|---|---|---|---|---|
| **خناق اور تشنج کی ٹاکسائیڈ پر مشتمل ویکسین اور پرٹیوسس ویکسین (DTaP/DTP/Tdap/Td)[2]** | **4 خوراکیں** | **5 خوراکیں یا 4 خوراکیں**<br>اگر چوتھی خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی ہو یا **3 خوراکیں**، اگر 7 سال یا اس سے زیادہ عمر ہو اور یہ سیریز 1 سال یا اس سے زیادہ عمر میں شروع کی گئی ہو | **3 خوراکیں** | |
| **تشنج اور خناق کی ٹاکسائیڈ پر مشتمل ویکسین اور پرٹیوسس ویکسین ایڈولیسنٹ بوسٹر (Tdap)[3]** | **قابل اطلاق نہیں** | | **1 خوراک** | |
| **پولیو ویکسین (IPV/OPV)[4]** | **3 خوراکیں** | **4 خوراکیں یا 3 خوراکیں**<br>اگر تیسری خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی ہو | | |
| **خسرہ، کن پیڑے اور جرمن خسرہ کی ویکسین (MMR)[5]** | **1 خوراک** | **2 خوراکیں** | | |
| **ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین[6]** | **3 خوراکیں** | **ہیپاٹائٹس بی بالغ ویکسین**<br>کی **3 خوراکیں یا 2 خوراکیں** (ریکومبیویکس) ان بچوں کے لیے جنہوں نے 11 سے 15 سال کی عمر کے درمیان کم از کم 4 ماہ کے وقفے سے خوراکیں لگوائی ہوں | | |
| **چھوٹی چیچک (چکن پاکس) کی ویکسین[7]** | **1 خوراک** | **2 خوراکیں** | | |
| **مینِنگوکوکل کانجوگیٹ ویکسین (MenACWY)[8]** | **قابل اطلاق نہیں** | | **گریڈز 7، 8، 9، 10، اور 11: 1 خوراک** | **2 خوراکیں یا 1 خوراک**<br>اگر یہ خوراک 16 سال یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی ہو |
| **ہیموفیلس انفلوئنزا قسم بی کانجوگیٹ ویکسین (Hib)[9]** | **1 سے 4 خوراکیں** | **قابل اطلاق نہیں** | | |
| **نیوموکوکل کانجوگیٹ ویکسین (PCV)[10]** | **1 سے 4 خوراکیں** | **قابل اطلاق نہیں** | | |

NEW YORK STATE | Department of Health

1. خسرہ، کن پیڑے یا جرمن خسرہ کی اینٹی باڈیز کے ظاہر کردہ سیرولوجک ثبوت یا ان بیماریوں کی لیبارٹری تصدیق، ان بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کا قابل قبول ثبوت ہیں۔ پولیو کے لیے سیرولوجک ٹیسٹ صرف اس صورت میں قوت مدافعت کا قابل قبول ثبوت ہیں اگر یہ ٹیسٹ 1 ستمبر 2019 سے پہلے کیا گیا تھا اور تینوں سیرو ٹائپ مثبت تھے۔ ہیپاٹائٹس بی کی سطحی اینٹی باڈی کا ایک مثبت خون کا ٹیسٹ، ہیپاٹائٹس بی کے خلاف قوت مدافعت کا قابل قبول ثبوت ہے۔ چھوٹی چیچک کی اینٹی باڈیز کے ظاہر کردہ سیرولوجک ثبوت، چھوٹی چیچک کی بیماری کی لیبارٹری تصدیق یا ایک فزیشن، فزیشن اسسٹنٹ یا نرس پریکٹیشنر کی جانب سے تشخیص کہ کسی بچے کو ماضی میں چھوٹی چیچک کی بیماری لاحق رہ چکی ہے، چھوٹی چیچک کے خلاف مدافعت کا قابل قبول ثبوت ہے۔

2. خناق اور تشنج کے ٹاکسائیڈز اور اےسیلولر پرٹیوسس (DTaP) کی ویکسین۔ (کم از کم عمر: 6 ہفتے)
   a. وقت پر سیریز شروع کرنے والے بچوں کو 2 ماہ، 4 ماہ، 6 ماہ اور 15 سے 18 ماہ اور 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں DTaP ویکسین کی 5 خوراکوں کی سیریز لگوائی جانی چاہیئے۔ چوتھی خوراک جلد سے جلد 12 ماہ کی عمر میں بھی لگوائی جا سکتی ہے، بشرطیکہ تیسری خوراک کے بعد کم از کم 6 ماہ گزر چکے ہوں۔ تاہم، DTaP کی چوتھی خوراک کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے، اگر اسے DTaP کی تیسری خوراک کے کم از کم 4 ماہ بعد لگایا گیا ہو۔ سیریز میں آخری خوراک لازماً چوتھی سالگرہ پر یا اس کے بعد اور پچھلی خوراک کے کم از کم 6 ماہ بعد لگوائی جانی چاہیئے۔
   b. اگر DTaP کی چوتھی خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں اور خوراک 3 کے کم از کم 6 ماہ بعد دی گئی تھی، تو DTaP ویکسین کی پانچویں (بوسٹر) خوراک کی ضرورت نہیں ہے۔
   c. 7 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچے جنہوں نے بچپن کی DTaP ویکسین سیریز کے تمام تر حفاظتی ٹیکے نہیں لگوائے ہوئے ہیں، انہیں کیچ اپ سیریز میں پہلی خوراک کے طور پر Tdap ویکسین لگوائی جانی چاہیئے؛ اضافی خوراکوں کی ضرورت ہو تو Td یا Tdap ویکسین استعمال کریں۔ اگر پہلی خوراک ان کی پہلی سالگرہ سے پہلے لگوائی گئی تھی، تو 4 خوراکیں درکار ہیں، جب تک کہ حتمی خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی ہو۔ اگر پہلی خوراک پہلی سالگرہ پر یا اس کے بعد لگوائی گئی تھی، تو 3 خوراکیں درکار ہیں، جب تک کہ حتمی خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی ہو۔

3. تشنج اور خناق کے ٹاکسائیڈز اور اےسیلولر پرٹیوسس (Tdap) ایڈولیسنٹ بوسٹر ویکسین۔ (گریڈ 6 تا 10 کے لیے کم از کم عمر: 10 سال؛ گریڈ 11 اور 12 کے لیے کم از کم عمر: 7 سال)
   a. 11 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء کو گریڈ 6 سے 12 تک میں داخل ہونے کے لیے Tdap کی ایک خوراک لگوانے کی ضرورت ہے۔
   b. گریڈ 6 سے لے کر 12 تک کے تقاضے کے علاوہ، Tdap کو 7 سال اور اس سے زیادہ عمر کے ایسے طلباء کے لیے کیچ اپ سیریز کے حصے کے طور پر بھی دیا جا سکتا ہے جنہوں نے بچپن کی DTaP سیریز میں تمام تر حفاظتی ٹیکے نہیں لگوائے تھے، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ تعلیمی سال 2025-2024 کے دوران، صرف 10 سال یا اس سے زیادہ عمر میں دی جانے والی Tdap کی خوراکیں، گریڈ 6 تا 10 کے طلباء کے لیے Tdap کے تقاضوں کو پورا کریں گی؛ تاہم، 7 سال یا اس سے زیادہ عمر میں دی جانے والی Tdap کی خوراکیں گریڈ 11 اور 12 کے طلباء کی ضرورت کو پورا کریں گی۔
   c. 10 سال کی عمر والے طلباء جو گریڈ 6 میں ہیں اور جنہیں ابھی تک Tdap ویکسین نہیں لگوائی گئی ہے، وہ 11 سال عمر ہونے تک تعمیل میں ہیں۔

4. غیر فعال کردہ پولیو ویکسین (IPV) یا دہانی پولیو ویکسین (OPV)۔ (کم از کم عمر: 6 ہفتے)
   a. وقت پر سیریز شروع کرنے والے بچوں کو 2 ماہ، 4 ماہ اور 6 سے 18 ماہ اور 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں IPV کی سیریز لگوائی جانی چاہیئے۔ سیریز میں آخری خوراک لازماً چوتھی سالگرہ پر یا اس کے بعد اور پچھلی خوراک کے کم از کم 6 ماہ بعد دی جانی چاہیئے۔
   b. ایسے طلباء کے لیے جنہیں ان کی چوتھی خوراک 4 سال کی عمر سے پہلے اور 7 اگست 2010 سے قبل دی گئی تھی، کم از کم 4 ہفتوں کے وقفوں سے لگائی گئی 4 خوراکیں کافی ہیں۔
   c. اگر پولیو ویکسین کی تیسری خوراک 4 سال یا اس سے زیادہ عمر میں اور پچھلی خوراک کے کم از کم 6 ماہ بعد دی گئی تھی، تو پولیو ویکسین کی چوتھی خوراک کی ضرورت نہیں ہے۔
   d. OPV کا ریکارڈ رکھنے والے بچوں کے لیے، صرف ٹرائی ویلنٹ (tOPV) OPV کو NYS اسکول کے پولیو ویکسین کے تقاضوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ 1 اپریل 2016 سے پہلے دی گئی OPV کی خوراکیں شمار کی جانی چاہئیں ماسوائے اگر خصوصی طور پر مونو ویلنٹ یا بائی ویلنٹ نوٹ کردہ ہوں یا جنہیں پولیو وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی مہم کے دوران دیا گیا ہو۔ 1 اپریل 2016 کو یا اس کے بعد دی گئی OPV کی خوراکوں کو شمار نہیں کیا جانا چاہیئے۔

5. خسرہ، کن پیڑے اور جرمن خسرہ (MMR) کی ویکسین۔ (کم از کم عمر: 12 مہینے)
   a. MMR ویکسین کی پہلی خوراک لازماً پہلی سالگرہ پر یا اس کے بعد لگوائی ہونی چاہیئے۔ دوسری خوراک لازماً پہلی خوراک کے کم از کم 28 دن (4 ہفتے) بعد لگوائی ہونی چاہیئے تاکہ اسے کارآمد سمجھا جائے۔
   b. خسرہ: پری کنڈرگارٹن کے لیے ایک خوراک درکار ہے۔ کنڈرگارٹن سے 12 تک گریڈز کے لیے دو خوراکیں درکار ہیں۔
   c. کن پیڑے: پری کنڈرگارٹن کے لیے ایک خوراک درکار ہے۔ کنڈرگارٹن سے 12 تک گریڈز کے لیے دو خوراکیں درکار ہیں۔
   d. جرمن خسرہ: تمام گریڈز (پری کنڈرگارٹن سے 12 تک) کے لیے کم از کم ایک خوراک درکار ہے۔

6. ہیپاٹائٹس بی کی ویکسین
   a. خوراک 1 پیدائش کے وقت یا اس کے بعد کسی بھی وقت دی جا سکتی ہے۔ خوراک 2، خوراک 1 کے کم از کم 4 ہفتے (28 دن) بعد دی جانی چاہیئے۔ خوراک 3، خوراک 2 کے کم از کم 8 ہفتے بعد اور خوراک 1 کے کم از کم 16 ہفتوں کے بعد اور 24 ہفتوں کی عمر سے پہلے نہیں لگائی جانی چاہیئے (جب 4 خوراکیں دی جائیں، تو ان حسابات میں "خوراک 3" کو "خوراک 4" سے تبدیل کر لیں)۔
   b. بالغ ہیپاٹائٹس بی ویکسین (ریکومبیویکس) کی دو خوراکیں 11 سے 15 سال کی عمر میں کم از کم 4 ماہ کے وقفے سے لگوائی گئی ہوں، تو تقاضے کو پورا کریں گی۔

7. چھوٹی چیچک (چکن پاکس) کی ویکسین۔ (کم از کم عمر: 12 مہینے)
   a. چھوٹی چیچک کی ویکسین کی پہلی خوراک لازماً پہلی سالگرہ پر یا اس کے بعد لگوائی ہونی چاہیئے۔ دوسری خوراک لازماً پہلی خوراک کے کم از کم 28 دن (4 ہفتے) بعد لگوائی ہونی چاہیئے تاکہ اسے کارآمد سمجھا جائے۔
   b. 13 سال سے کم عمر بچوں کے لیے، خوراکوں کے درمیان تجویز کردہ کم از کم وقفہ 3 ماہ ہے (اگر دوسری خوراک پہلی خوراک کے کم از کم 4 ہفتے بعد دی گئی ہو، تو اسے درست/کارآمد تسلیم کیا جا سکتا ہے)؛ 13 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد کے لیے، خوراکوں کے درمیان کم از کم وقفہ 4 ہفتے ہے۔

8. میننگوکوکل کانجوگیٹ ACWY ویکسین (MenACWY)۔ (گریڈ 7 تا 11 کے لیے کم از کم عمر: 10 سال؛ گریڈ 12 کے لیے کم از کم عمر: 6 ہفتے)۔
   a. گریڈ 7، 8، 9، 10 اور 11 میں داخل ہونے والے طلباء کے لیے میننگوکوکل کانجوگیٹ ویکسین (Menactra، Menveo یا MenQuadfi) کی ایک خوراک مطلوب ہے۔
   b. گریڈ 12 کے طلباء کے لیے، اگر میننگوکوکل کانجوگیٹ ویکسین کی پہلی خوراک 16 سال یا اس سے زیادہ عمر میں دی گئی تھی، تو دوسری (بوسٹر) خوراک کی ضرورت نہیں ہے۔
   c. دوسری خوراک 16 سال یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی ہونی چاہیئے۔ خوراکوں کے درمیان کم از کم وقفہ 8 ہفتے ہے۔

9. ہیموفیلس انفلوئنزا قسم بی (Hib) کانجوگیٹ ویکسین۔ (کم از کم عمر: 6 ہفتے)
   a. وقت پر سیریز شروع کرنے والے بچوں کو 2 ماہ، 4 ماہ، 6 ماہ اور 12 سے 15 ماہ کی عمر میں ہب (Hib) ویکسین لگوائی جانی چاہیئے۔ 15 ماہ سے زیادہ عمر کے بچوں کو لازماً ACIP کیچ اپ شیڈول کے مطابق لگائی جانی چاہیئے۔ حتمی خوراک 12 ماہ یا اس کے بعد لگوائی جانی چاہیئے۔
   b. اگر 12 ماہ کی عمر سے پہلے ویکسین کی 2 خوراکیں لگوائی گئی تھیں، تو صرف 3 خوراکیں درکار ہیں اور خوراک 3 کو 12 سے 15 ماہ کی عمر میں اور خوراک 2 کے کم از کم 8 ہفتے بعد لگوایا جانا چاہیئے۔
   c. اگر خوراک 1، 12 سے 14 ماہ کی عمر میں لگوائی گئی تھی، تو صرف 2 خوراکیں درکار ہیں اور خوراک 2 کو خوراک 1 کے کم از کم 8 ہفتے بعد لگوایا جانا چاہیئے۔
   d. اگر خوراک 1، 15 ماہ یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی تھی، تو صرف 1 خوراک درکار ہے۔
   e. 5 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے Hib ویکسین کی ضرورت نہیں ہے۔
   f. مزید معلومات کے لیے، 4 ماہ سے 4 سال تک کے صحت مند بچوں کے لیے بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) کی کیچ اپ گائیڈنس ملاحظہ کریں۔

10. نیوموکوکل کانجوگیٹ ویکسین (PCV)۔ (کم از کم عمر: 6 ہفتے)
   a. وقت پر سیریز شروع کرنے والے بچوں کو 2 ماہ، 4 ماہ، 6 ماہ اور 12 سے 15 ماہ کی عمر میں PCV ویکسین لگوائی جانی چاہیئے۔ 15 ماہ سے زیادہ عمر کے بچوں کو لازماً ACIP کیچ اپ شیڈول کے مطابق لگائی جانی چاہیئے۔ حتمی خوراک 12 ماہ یا اس کے بعد لگوائی جانی چاہیئے۔
   b. 7 سے 11 ماہ کی عمر کے غیر ویکسین شدہ بچوں کو 2 خوراکیں، کم از کم 4 ہفتوں کے وقفے سے، اور اس کے بعد 12 سے 15 ماہ کے درمیان تیسری خوراک لگوائے جانے کی ضرورت ہے۔
   c. 12 سے 23 ماہ کی عمر کے غیر ویکسین شدہ بچوں کو کم از کم 8 ہفتوں کے وقفے سے ویکسین کی 2 خوراکیں لگوائے جانے کی ضرورت ہے۔
   d. اگر ویکسین کی ایک خوراک 24 ماہ یا اس سے زیادہ عمر میں لگوائی گئی تھی، تو مزید خوراکوں کی ضرورت نہیں ہے۔
   e. 5 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے PCV کی ضرورت نہیں ہے۔
   f. مزید معلومات کے لیے، 4 ماہ سے 4 سال تک کے صحت مند بچوں کے لیے CDC کی کیچ اپ گائیڈنس ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات کے لئے، رابطہ کریں:

**New York State Department of Health**
**Division of Vaccine Excellence**
**Room 649, Corning Tower ESP**
**Albany, NY 12237**
**(518) 473-4437**

**New York City Department of Health and Mental Hygiene**
**School Compliance Unit/Bureau of Immunization**
**42-09 28th Street, 5th floor**
**Long Island City, NY 11101**
**(347) 396-2433**